سوال

اللہ تعالی کو دوست کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اللہ رب العالمین کو اپنا دوست کہنا جائز ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر تو دوست سے مراد حمایتی اور مددگار ہو تو اس معنی میں یہ لفظ قرآن مجید میں 'ولی' کے الفاظ میں اہل ایمان کے لیے استعمال ہوا ہے ۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے :

اللہُ وَلِیُّ الَّذِینَ آمَنُوا یُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَالَّذِینَ كَفَرُوا أَوْلِیَاؤُهُمُ الطَّاغُوتُ یُخْرِجُونَهُم مِّنَ النُّورِ إِلَى الظُّلُمَاتِ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِیهَا خَالِدُونَ البقرہ : ۲۵۷

اور اس طرح کی دیگر کئی آیات اس پر دال ہیں ۔ لیکن اس معنی سے غلط مفہوم کشید کرنا اور مخلوق میں سے کسی فرد کو مقام الوہیت پر فائز کرنے کی کوشش کرنا انتہائی قبیح حرکت ہے اور ایسی توجیہات شرک کے زمرہ میں آتی ہیں ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث